اور کہا ہے ۹۔ ہمارے شیخ نے محمد بن یوسف کی روایت کو ترجیح دینے سے یہ ہے کہ وہ اس کا بھانجا ہے تو تنقید کرنے والے نے اس قول (۶۰) سے تردید کی کہ حافظ ابن عبدالبر نے کہا ہے کہ ابن خصیفہ سائب بن یزید کا بھتیجا ہے جیسا کہ تفصیل سیر اعلام النبلاء اور تہذیب الکمال اور تہذیب سے گذر چکی ہے تو نسب میں یہ زیادہ قریب ہے میں کہتا ہوں کہ میں نے مندرجہ بالا حوالہ جات کی طرف رجوع کر لیا تو میں نے کیا دیکھا صفحہ ۳۶ میں حافظ ابن حجر کا یہ قول دیکھا کہ ابن عبدالبر نے گمان کیا ہے کہ ابن خصفیہ سائب بن یزید کا بھتیجا ہے تو دیکھ گمان کو کیسا پسند کیا اور صفحہ ۳۴ میں سیر ذھبی کا قول دیکھا تو وہاں تھا کہ یہ خصیفہ، سائب بن یزید کا بھائی ہے تو ابن خصیفہ اسکا نواسہ ہو گیا اور صفحہ ۳۵ میں تہذیب الکمال کے حوالہ سے اس قرابت کی طرف معمولی اشارہ بھی نہیں دیکھا جو اس نے دعوی کیا ہے تو ہم کیا کہیں گے (تذییلہ مع الکشف ۱۲۴)

اقول لا ینبغی لمثل هذالغبی ان یسود الاوراق لانه لایعلم الفرق بین ابن اخیه۔ والحفید مع ان الحفید یقول لابن الابن کما فی لسان العرب ولما کان الخصیفهؒ والسائب اخوان فیزید بن خصیفه ابن اخیه السائب بن یزید لیسؓ هو حفید السائب نعم قد عبر عن ابن ابن اخیه بابن اخیه لکن خفی علی الغوی این الحفید وابن اخیه و اما ماقال ولم ارفی (۳۵) ادنی اشارة الی هذه القرابه فهو مردود علیه لانه ماتکلف لصفحه تهذیب الکمال والافیری القرابه حیث یقول الحافظ المزی ان خصیفه بن یزید والسائب بن یزید اخوان تهذیب الکمال ۴/ ۱۵۳۶النسخه المصورة

میں خان بادشاہ کہتا ہوں کہ ایسے غبی کو تو اوراق سیاہ کرنے کی ضرورت نہیں کہ بھتیجا اور نواسہ کے درمیان فرق نہیں سمجھتا حالانکہ نواسہ بیٹے کے بیٹے کو کہتے ہیں جیسا کہ لسان العرب میں ہے تو جب خصیفہ اور سائب بن یزید بھائی ہیں تو یزید بن خصفیہ سائب بن یزید کا بھتیجا ہو گیا اور یہ سائب بن یزید کا نواسہ نہیں البتہ بھائی کے بیٹے کے بیٹے سے کبھی بھائی کے بیٹے سے تعبیر کرتا ہے لیکن غبی پر خفی ہو گیا کہاں نواسہ اور کہاں بھتیجا اور یہ جو کہا ہے کہ صفحہ ۳۵ میں اس قرابت کو معمولی اشارہ میں نے دیکھا نہیں تو یہ اس پر مردود ہے کیونکہ اس نے تہذیب الکمال کا صفحہ کھولنے کی تکلیف نہیں کی ورنہ وہاں قرابت کو دیکھتا جیسا کہ حافظ مزی فرماتے ہیں کہ خصیفہ بن یزید اور سائب بن یزید دونوں بھائی ہیں تہذیب الکمال ۴/ ۱۵۳۶نسخہ مصورۃ

فثبتت القرابه وارتفعت الندامة فنحن ایضا نقول ماذا نقول

واما ما قال کیف قبل الزعم وارتضاه فهو مبنی علی جهله بالاحادیث والاصطلاحات لان الزعم لا یستعمل دائما فی المشکوک ولکذب بل یستعمل فی الامر المحقق ایضا کما روی الامام البخاری فی صحیحه عن الزهری فقال اخبرنی محمود بن الربیع و زعم انه عقل رسول الله صلی الله علیه وسلم (الحدیث) فارجع البصر ثم ارجع البصر ینقلب الیک البصر خاسنا وهو حسیر فهل تقبل ھهنا الزعم او ترد الحدیث الصحیح طالع فتح الباری ولسان العرب حتی ترجع عن اللهو واللعب وقد اشرت الیه لکن وقد قیل العاقل تکفیه الاشارة علاانی قلت هناک بان ماقال الالبانی بان محمد بن یوسف لاجل قرابه السائب بن یزید اعرف بروایته مردود علیه کما یعلم من الحدیث الصحیح

تو قرابت ثابت ہو گئی اور ندامت چلی گئی تو ہم بھی کہتے ہیں کہ ہم کیا کہیں

اور یہ جو کہا ہے کہ زعم (گمان) کو کیسے پسند کیا تو یہ اس بات پر مبنی ہے کہ یہ احادیث اور اصطلاحات سے جاہل ہیں کیونکہ زعم کا لفظ ہمیشہ مشکوک اور جھوٹ میں استعمال نہیں ہوتا بلکہ یقینی امر میں بھی استعمال ہوتا ہے جیسا کہ امام بخاری نے اپنے صحیح میں امام زھری سے روایت کی ہے وہ فرماتے ہیں کہ مجھے محمود بن ربیع نے خبر دیا اور اس نے گمان (یقین) کیا الحدیث دیکھ تو پھر دیکھ تجھے نظر ذلیل اور تھکی ہوئی واپس ہو جائیگی کیا آپ یہاں صحیح حدیث بخاری میں زعم کو قبول کریں گے یا صحیح حدیث کی تردید کریں گے فتح الباری اور لسان العرب مطالعہ کریں تاکہ فضول واحیات سے رجوع کرو گے میں نے اشارہ کیا ہے لیکن کہا جاتا ہے کہ عاقل کے لئے اشارہ کافی ہے علاوہ میں نے وہاں کہا ہے کہ البانی نے یہ جو کہا ہے کہ محمد بن یوسف قرابت کیوجہ سے یزید ابن خصیفہ سے روایت کو زیادہ جاننے والا ہے یہ اس پر مردود ہے جیسا کہ صحیح حدیث سے معلوم ہوتا ہے۔

حیث قال رسول ﷺ لیبلغ الشاهد الغائب فان الشاهد عسی ان یبلغ من هو اوعی منه (الحدیث) ولما یمکن ان یکون الغائب اوعی من الحاضر فکک یمکن ان یکون البعید اعرف واحفظ من قریب فکیف اغمض تلمیذه عینیه فان کان الالبانی یرجح القرابۃ فابن الاخ اقرب من ابن الاخت کما لا یخفی علی من له مس مع علوم دینیه وان کان یعمل بالحدیث فترک هذه القرابه اولی فی رسالتہ المزخرفه وینبغی تلمیذه ان یثبت القرابۃ من المرجحات من کتب الائمۃ الاعلام والا یبقی علیه الملام

قال فرق (ص ۶۰) بین التهجد والتراویح وهو تفریق لا اصل له فی الشرع فیغنی سوقه عن رده (تذییله ۱۲۴)

اقول ولو علم بقوله لما تلفظ بترجیح القرابه لانه لا اصل له فی الشرع تدبر

جیسا کہ رسول ﷺ فرماتے ہیں کہ حاضر غائب کو پہنچائے بسا اوقات غائب حاضر سے حدیث کا زیادہ حافظ ہو گا۔ (۶) تو جب یہ ممکن ہے کہ غائب حاضر سے زیادہ حافظ ہو تا ہے تو اسطرح ممکن ہے کہ نسب میں بعید زیادہ قریب سے حافظ ہو گا تو البانی کے شاگرد نے کیسے آنکھیں بند کئے ہیں اگر البانی قرابت کو ترجیح دیتا ہے تو بھتیجا بھانجا سے زیادہ قریب ہے جیسا کہ اس شخص پر پوشیدہ نہیں جس کا علوم دینیہ سے واقفیت ہو اگر حدیث پر عمل کرتا ہے تو اس رسالہ میں قرابت کا ذکر کرنا مناسب نہیں تھا اور تلمیذ کو چاہیے کہ علماء کرام کے کتابوں سے قرابت کو بھی مرجحات سے ثابت کریں ورنہ اس پر ملامت رہی گی

کہتا ہے کہ صفحہ ۶۰ میں تہجد اور تراویح کے درمیان فرق کیا ہے اسکا شریعت میں کوئی اصل نہیں تو اسکی تردید کی ضرورت نہیں (تذییلہ ۱۲۴)

میں کہتا ہوں اگر یہ اپنی بات سمجھتا تھا تو قرابت کی ترجیح پر تلفظ نہ کرتا کیونکہ اس کا بھی شرع میں اصل نہیں فکر کر

واما ماقال بانه لااصل له فی الشرع فهو مردود علیه لان التهجد ثابت بنص القران و اما التراویح فهی ثابتۃ من الحدیث افلیست هذه التفرقه بین الصلوتین او اغمض العینین علاانی بینت هناک بانه وردفی الحدیث لایزید فی رمضان ولافی غیره علی احدی عشرة رکعۃ فان کان المراد من الحدیث التراویح فهل یقول هذا الرجل بوجود صلوة التراویح فی غیر رمضان اوصار من العمیان

قال ۱۱۔ رد (ص ۷۹) علی نقل شیخنا اعلال العینی والبیهقی لبعض الروایات بالانقطاع بین یزید بن رومان وعمرؓ بقوله باطل مردود ثم لم یصنع شیا الانه قال ولبئس ماقال وان هذه الروایۃ ضعیفۃ عند البیهقی فای حاجۃ الی التطبیق بل ینبغی ان یصرح بتضعیف هذه الروایۃ بانها ضعیفۃ لکنه قال سبحنک هذا بهتان عظیم قلت نعم یارب سبحنک هذا بهتان عظیم وتعدی علی العلم شدید اذ منهج البیهقی

اور یہ جو کہا ہے کہ اس کا شرع میں اصل نہیں تو اس پر مردود ہے کیونکہ تہجد قران کریم کی نص سے ثابت ہے اور تراویح حدیث سے ثابت ہے کیا یہ دونوں نمازوں میں فرق ثابت نہیں کرتا یا آنکھیں بند کرتا ہے علاوہ میں نے وہاں بیان کیا ہے کہ رمضان اور غیر رمضان میں گیارہ رکعات سے زیادہ نہیں پڑھتے تھے اگر مراد حدیث سے تراویح ہو تو کیا بغیر رمضان بھی تراویح ہیں یا اندھا ہو گیا۔

کہتا ہے ۱۱۔ صفحہ ۷۹ میں ہمارے شیخ نے عینی اور بیہقی نے بعض روایات میں علت انقطاع بتائی ہے اسکی تردید کرتا ہے اس قول سے کہ یہ باطل اور مردود ہے پھر کچھ نہ کیا مگر کہا ہے برا کہا ہے کہ اگر یہ روایت بیہقی کے نزدیک ضعیف ہو تو تطبیق کی کیا ضرورت تھی بلکہ اسکو چاہیے کہ تصریح کرتا کہ یہ روایت ضعیف ہے لیکن کہا ہے کہ سبحنک هذا بهتان عظیم میں کہتا ہوں یارب سبحنک هذا بهتان عظیم اور علم پر زیادتی ہے کیونکہ بیہقی کا طریقہ سنن کبری میں۔

معلوم فی سننه انه یتکلم علی الروایات ویطبق علیها (ثم یقول) واکتفی بضرب مثال واحد علی ذلک وهو قوله فی ۲ / ۴۹۷ من سننه تعلیقاعلی حدیث عائشه ؓ ام لمومنین کان رسول الله ﷺ یصلی اربع رکعات فی اللیل ثم یتروح فقال رحمه الله تفردبه المغیرة بن زیاد ولیس بالقوی وقوله ثم یتروح ان ثبت فهو اصل فی تروح الامام قانت تراه قد ضعف الروایه ثم علق علیها مستنبطا منها (تذییله ۱۲۵) اقول قوله مردود من وجوه اما اولا فانه قال اعلال البهیقی والعینی لبعض الروایات بالانقطاع مع ان الاعلال لیس مذکورافی کلامهما علی الروایات بالانقطاع بل الکلام علی روایه واحدة فمن این اخذبعض الروایات ' اماثانیافانی قلت بان البیهقی ماضعف

معلوم ہے کہ وہ روایات پر کلام کرتا ہے اور پھراس پر تطبیق کرتا ہے پھر کہتا ہے کہ میں ایک مثال پر اکتفا کرتا ہوں اور وہ بیہقی کا یہ قول ۲ / ۴۹۷ کہ حدیث عائشہ ام المومنین پر تعلیق کرتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ رات میں چار رکعات پڑھتے پھر آرام فرماتے تو بیہقی فرماتے ہیں کہ اس میں مغیرۃ بن زیاد متفرد ہے اور وہ قوی نہیں اگر یتروح (آرام فرماتے) ثابت ہو جائے تو امام کی استراحت اس سے ثابت ہو سکتی ہے تو آپ دیکھتے ہیں کہ بیہقی نے روایت کی تضعیف کی پھراس پر تعلیق اور اس سے استنباط کیا تذییلہ ۱۲۵

میں کہتا ہوں کہ اس کا یہ قول چند وجوہ سے مردود ہے اولا اس لئے کہ اس نے کہا ہے کہ عینی اور بیہقی روایات کے درمیان انقطاع کی علت بیان کرتے ہیں حالانکہ ان دونوں کے کلام میں انقطاع کی علت روایات میں نہیں بلکہ صرف ایک روایت میں ہے تو بعض روایات کہاں سے لئے ہیں دوم میں نے کہا ہے کہ امام بیہقی نے انقطاع کیوجہ سے اس روایت کو ضعیف نہیں کیا ہے۔

هذه الروایه بالانقطاع والذاجمع بین الروایتین بان الثلاث منها الوتر وان کانت الروایه ضعیفه عنده فای حاجه الی التطبیق وهذا الرجل یذکر مثالا ولایدری هذا لمسکین بمطابقته لان الامام البهیقی ذکر الحدیث ثم رد علیه بانه تفرد به المغیرة و لیس بالقوی و اما ماذکر من الحدیثین فما رد الامام البهیقی هناک بالانقطاع بل بین التطبیق فثبت من مثاله ما ادعینا ولایثبت منه مطلوبه قدرب

اما ثالثا انه ذکر اعلال شیخه بحواله البهیقی فقط وترک ماقاله الامام العینی لماذا فماذا نقول

اما رابعا فان الامام البهیقی یقول لن ثبت هذا یفید عدم الاثبات فلا یصح علیه التفریعات کما لا یخفی الاعلی من انکر من البدھیات

اسی وجہ سے دونوں روایتوں کے درمیان تطبیق کیا کہ تین اس میں سے وتر ہے اور بیس رکعات تراویح اگر آپ کے نزدیک روایت ضعیف ہو تو تطبیق کی کیا ضرورت تھی اور یہ مسکین تو مثال ذکر کرتا ہے اور مطابقت نہیں سمجھتا کیونکہ امام بھیقی نے حدیث ذکر کیا پھر اس پر رد کیا کہ اس میں مغیرہ متفرد ہے وہ قوی نہیں اور ماسبق جو دو روایات ذکر کئے ہیں (جس میں تراویح کا بیان ہے) وہاں انقطاع کیوجہ سے رد نہیں کیا بلکہ دونوں حدیثوں میں تطبیق بیان کی ہے تو اسکی مثال سے ہمارا دعوی ثابت ہوتا ہے اور اس سے اس کا مطلب ثابت نہیں ہوتا۔

سوم اس نے شیخ کا اعلال فقط بیھقی کا ذکر کیا ہے اور امام عینی نے جو فرمایا ہے اسکو چھوڑ دیا کیوں تو ہم کیا کہیں

چہارم امام بھیقی نے فرمایا ہے کہ اگر یہ ثابت ہو جائے یہ اس بات کی دلیل ہے کہ یہ ثابت نہیں تو اس پر تفریعات صحیح نہیں جیساکہ یہ پوشیدہ نہیں سوا اس شخص پر جو بدھیات سے انکار کرتا ہے۔

قال ١٢ - ثم زاد هذا المنتقد حيث قال اماكون هذه الرواية منقطعا فليس هذا مستلزما لضعفها بقانون الالبانی ثم ماذا اخلط بين الموقوف والمنقطع و اورد امثلة من الموقوف جاعلا لها شواهد على تقوية المنقطع وعدم تضعيفه (تذبیله ١٣٦)

اقول قد ذكرنا هناك امثلة حيث يظهر منها الخلط بين الموقوف و المنقطع من شيخه لكن الحسد يعمى الانسان قال الالبانی تحت رقم ٢٤ رجاله ثقات الا انه منقطع بين عمرو وجده ابن عمرو هو وان كان موقوفا فله حكم المرفوع اذانه لايقال بمجرد الرای الصحيحة ١ / ٩٥ وقال الالبانی تحت رقم ٤٢٢ وهذ اسناد حسن الا انه منقطع بين سليمان وابن عمرو لكن الحديث بمجموع الطريقين حسن الصحية ٣ / ٤٠٩)

کہتا ہے ۱۲- پھر تنقید کرنے والے نے یہ زیادت کیا ہے کہ کہا ہے کہ اس روایت کا منقطع ہونا البانی کا قانون کے مطابق ضعف کو مستلزم نہیں پھر موقوف اور منقطع کے درمیان خلط کیا اور موقوف کے مثالیں لاکر منقطع کے تقویت اور عدم ضعف کے لئے شواہد بنائے ہیں- (تذبیلہ ۱۳۶)

میں کہتا ہوں کہ میں نے وہاں مثالیں ذکر کئے ہیں کہ جس سے اس کے شیخ کے نزدیک موقوف اور منقطع کے درمیان خلط واضح ہوتا ہے البانی رقم ۶۴ کے تحت کہتا ہے کہ اس کے راوی ثقہ ہیں لیکن عمرو اور اسکے دادہ کے درمیان انقطاع ہے یہ اگرچہ موقوف ہے اس کا حکم مرفوع جیسے ہے کیونکہ اس جیسے عقل سے نہیں کہا جاسکتا ہے الصحیحۃ ۱ / ۹۵ اور البانی رقم ۴۲۲ کے تحت کہتا ہے یہ اسناد حسن ہے مگر سلیمان اور ابن عمرو کے درمیان منقطع ہے لیکن حدیث مجموعہ طریقوں سے حسن ہے الصحیحۃ ۳ / ۴۰۹

فلينظر بنظر الانصاف بان الالبانی خلط بين الموقوف والمنقطع لکن اغمض عينيه عن خلط شيخه اويجوزله مالا يجوزلغيره فماذانقول واما ماذكرت من الامثلة فهی للموقوف والمنقطع والمرسل وهی تدل علی ان الالبانی يوثق المراسيل والمنقطعات والموقوفات و لايخاف من خالق الكائنات ولايعترض عليه تلميذه لانه جامع الخرافات

قال هذالرجل فقداخفی هذالمنتقد هداه الله لن الكلام علی هذاالاثر المنقطع كان فی الشواهد لا فی الاصول والحديث المشهود له صحيح لذاته فهل حديث ابن رومان هذا كک(تذبيله١٣٦)

اقول قد خفی علی المعترض هداه الله لان الالبانی ذكر تحت رقم ٣٢٢ وهذاليس فی الشواہد بل فی الاصول لكن ما

تو یہ بنظر انصاف دیکھ لیں کہ البانی نے موقوف اور منقطع کے درمیان خلط کیا ہے لیکن شیخ کے اختلاط سے اس نے آنکھیں بند کئے ہیں یا اسکے لئے جائز ہے جو دوسری کے لئے جائز نہیں تو ہم کیا کہیں وہ جو مثالیں میں نے ذکر کئے ہیں تو یہ موقوف اور منقطع اور مرسل کیلئے ہیں کہ یہ اس پر دلالت کرتے ہیں کہ البانی مرسل اور منقطع اور موقوف کی توثیق کرتا ہے یہ مخلوق کے پیدا کرنے والے سے نہیں ڈرتا اور اسکا شاگرد اس پر اعتراض نہیں کرتا کیونکہ یہ خرافات جمع کرنے والے ہیں۔

یہ آدمی کہتا ہے کہ تنقید کرنے والے کو اللہ ہدایت دے اس نے منقطع پر کلام کرنے کو پوشیدہ کیا ہے کیونکہ یہ شواھد میں ہے نہ کہ اصول میں اور جس کیلئے یہ شاہد ہے وہ باعتبار ذات صحیح ہے تو کیا ابن رومان کی حدیث اسی طرح ہے (تذبیلہ١٣٦)

میں کہتا ہوں کہ پوشیدہ ہو گیا معترض پر اللہ اسکو ہدایت دے کہ البانی رقم ٣٢٢ کے تحت جو ذکر کرتا ہے یہ شواہد نہیں بلکہ اصول میں ہے لیکن اسکے

توجه الیہ تلمیذہ وکک قال الالبانی للحدیث لمنقطع اسنادہ حسن ۱/۲۳۷ وھو فی الاصول طالع یا من لا تدری بھذا الفن رقم ۱۰۸۷ - ۷۱۶ - ۷۳۳ - ۱۱۹۹ - ۱۳۵۱ - ۱۳۹۰ - ۱۰۴۰ - ۳۳۸ من کتاب شیخک الالبانی ھذہ کلھا فی الاصول فکیف یرتکب تلمیذہ الجھالۃ - سبحنک ھذا بھتان عظیم فعلم مماذکرنا بان ھذا الرجل المعصوم یقول وقد اخفی العبد المذنب ان ھذا الحدیث فضلا عن غیرہ مما قبلہ اوبعدہ انما ھووارد فی الشواہد لا فی الاصول (۱۳۷) مردود علی رئیس الجھول لان الامثلۃ اللتی ذکرتھا من کتاب الالبانی فھی لیست فی الشواہد بل فی الاصول - فیحق لنا ان نقول ان مراسیلہ شبہ الریح فما قال تلمیذہ فھو امر قبیح -

---

شاگرد نے اسکی طرف توجہ نہیں کی اور اس طرح البانی حدیث منقطع کو کہتا ہے کہ اسکی اسناد صحیح ہے ۱/۲۳۷ یہ اصول میں ہے نہ کہ شواہد میں مطالعہ کریں اے وہ شخص جو اس فن کو نہیں جانتے رقم ۱۰۸۷ - ۷۱۶ - ۷۳۳ - ۱۱۹۹ - ۱۳۵۱ - ۱۳۹۰ - ۱۰۴۰ - ۳۳۸ البانی کی کتاب سے یہ تمام اصول میں ہیں نہ کہ شواہد میں تو اسکا شاگرد کیوں جہالت کا ارتکاب کرتا ہے پاکی ہے تیری لئے یہ بڑا بھتان ہے تو مندرجہ بالا کلام سے معلوم ہو گیا کہ یہ معصوم آدمی نے جو کہا ہے گنہگار بندہ نے پوشیدہ کیا ہے یہ حدیث اور اس سے پہلے احادیث یہ شواہد میں ہیں نہ کہ اصول میں - (تذییلہ ۱۳۷)

یہ جہلا کے رئیس پر مردود ہے کیونکہ میں نے البانی کی کتاب سے جو مثالیں ذکر کی ہیں یہ شواہد نہیں بلکہ اصول میں سے ہیں تو ہمارا حق ہے کہ ہم کہدیں کہ اسکے مراسیل ریح کے شابہہ ہیں تو اس کے شاگرد نے جو کہا ہے یہ امر قبیح ہے -

قال ـ وقوله (ص ٨٦) وقد ذكرنا قبيل هذا بان الانقطاع ليس مستلزما لضعف الروايه وهو كلام يدل على معرفة" هذا الكاتب بعلم الحديث و مصطلحه فلا اطيل القول اوالرد عليه ـ (تذبيله ١٢٧ ـ ١٢٨)

اقول و قد اظهرت جهله و حماقته ولن يستطيع هوان يرد على هذا الكتاب الى يوم القيمة" ان شاء الله تعالى ردا علميا و اما قوله بانى لا اطيل الكلام فهو لا يستطيع لانه ماصنع شيافى الوريقات بل نقل من شيخه من الخرافات والواهيات

قال ١٧ ـ و مثل السابق تماما قوله (ص ٨٧) فقد مربان كون المرسل ليس دليلا لضعف هذه الروايه وهو كلام ركيك جدا علما ولغه ـ (تذبيله ١٢٨)

کہا ہے کہ یہ قول صفحہ ۸٦ کا کہ اس سے پہلے ہم نے ذکر کیا ہے کہ انقطاع روایت کی ضعیف ہونے کیلئے مستلزم نہیں تو یہ لکھنے والے کی معرفت اور علم الحدیث اور اس کی اصطلاح کی معرفت پر دلالت کرتا ہے تو اس پر میں کلام لمبا نہیں کرتا ۔ (تذبیلہ ١٢٧ ـ ١٢٨)

میں کہتا ہوں کہ میں نے اسکی جہالت اور حماقت واضح کیا اور ہرگز اسکی یہ طاقت نہیں انشاء اللہ تعالیٰ کہ قیامت تک اسکی تردید علمی کریں اور یہ قول کہ میں کلام کو لمبا نہیں کرتا یہ اسکی طاقت نہیں کیونکہ یہ چند اوراق میں اس نے کچھ نہیں کہا بلکہ اپنے شیخ سے خرافات واحیات نقل کئے ہیں۔

کہتا ہے ١٧ ۔ ماسبق جیسے کہ ٨٧ میں کہتا ہے کہ تحقیق گذر چکا ہے کہ مرسل ہونا روایت کی ضعیف ہونے کے لئے دلیل نہیں یہ علم اور لغت کے اعتبار نہایت رکیک کلام ہے ۔ (تذبیلہ ١٢٨)

اقول اباالله وایاته هل یقال لهذا بانه علم لانه یقول کلام رکیک علما ولغه بدون ای دلیل و برهان هل یقدر هوان یثبت من اللغه بانه کلام رکیک وهو لایعلم الفرق بین ابن الاخ والحفید لکنه یعترض علی لانه رجل عنید ...... فکیف کلام رکیک ان شیخه الالبانی یصحح المرسل والمنقطع والموقوف فلیس کلامه رکیک لانه یفعل مایشاء ویختار

قال ۱۸۔ ثم تکلم (ص ۸۸) بجهل بالغ بانیا کلامه علی ان قولهم اصح حدیثا یلزم منه تصحیح الحدیث (تذبیله ۱۲۸)

اقول لمالم یصنع شیا فالان شرع علی الافترافی اخر کلامه لانی مابنیت کلامی علی هذا بل اثبت حدیثا اولا ثم اثبت بان المرسل حجة عند الائمة الثلاثه طالع هناک فی القول المبین

میں کہتاہوں کہ اللہ تعالیٰ اور اسکی آیات پر قسم کیا اسکو علم کہاجاتا ہے کہ یہ بغیر کسی دلیل کہتا ہے کہ یہ کلام علما اور لغت رکیک ہے کیا سکی طاقت ہے کہ اسکو لغت سے رکیک ثابت کریں یہ تو بھتیجا اور نواسے کے درمیان فرق نہیں سمجھتا لیکن مجھ پر اعتراض کرتا ہے کیونکہ یہ عناد گرنے والا ہے یہ کیسا کلام رکیک ہے کہ اسکا شیخ البانی مرسل اور منقطع اور موقوف کی تصحیح کرتا ہے تو اسکا کلام رکیک نہیں کیونکہ اسکو اختیار ہے جیسا چاہے ویسا کرتا ہے۔

کہتا ہے ۱۸۔ پھر صفحہ ۸۸ میں زیادہ جہالت کیوجہ سے کلام اس پر مبنی کرتا ہے کہ یہ قول ان (محدثین) کا اصح حدیثا کہ اس سے حدیث کی تصحیح لازم آتی ہے۔ (تذبیلہ ۱۲۸)

میں کہتاہوں کہ جب اس نے کچھ نہ کیا تو آخر کلام میں افتراء کرنے لگا میں نے اس پر اپنا کلام مبنی نہیں کیا بلکہ میں نے حدیث کو ثابت کیا ہے پھر میں نے یہ ثابت کیا ہے کہ تین آئمہ کرام کے نزدیک مرسل حجہ ہے قول مبین میں مطالعہ کر

قال ۱۹۔ (ص ۱۰۱) استلزم من قول المحدث رجاله ثقات ان الحديث صحيح فبا التالى فالانقطاع غير ضار وهو كلام لاوزن له كما تراه۔ (تذييله ۱۲۸)

اقول قد ارتكب الخيانه لانى وضحت هناك بان الالبانى يقول هذا اسناد حسن الا انه منقطع الصحيحة ۳ / ۴۰۹ فالحديث المذكور وان كان منقطعا لكنه حسن فلا وزن لكلام هذا الغوى وقد خالف بنفسه مما كتب فى تذييله ۱۲۱

قال الكلام فى الرد على العبد المذنب كثير كثيرا قتصر فيه على هذه النبذ بهذا الكلام اليسير (تذييله مع الكشف ۱۲۸)

کہتا ہے ۱۹۔ صفحہ ۱۰۱ میں جو ذکر کیا ہے اس سے یہ لازم آتا ہے کہ محدث کہہ دیں کہ اسکی راوی ثقہ ہیں تو یہ حدیث صحیح ہو گئی تو انقطاع مضر نہیں اس کلام کا کوئی وزن نہیں جیسا کہ تو دیکھتے ہو تذییلہ ۱۲۸

میں کہتا ہوں کہ اس نے خیانت کا ارتکاب کیا میں نے وہاں واضح کیا کہ البانی کہتا ہے کہ اسکی اسناد حسن ہے مگر منقطع ہے الصحیحۃ / ۴۰۹ تو حدیث مذکورا گرچہ منقطع ہے لیکن حسن ہے تو اس غوی کے کلام کا وزن نہیں اور اسی طرح خود بخود اس بات سے خلاف کرتا ہے جو تذییل صفحہ ۱۲۱ میں ذکر کیا ہے۔

کہتا ہے کہ اس گنہگار بندہ کی تردید میں کلام بہت زیادہ ہے میں اس معمولی مقدار پہ کفایت کرتا ہوں۔ تذییلہ مع الکشف ۱۲۸

اقول الکلام علی خرافات ھذا الرجل المعصوم کثیر کثیر وانا اکتفی بھذا القدر ولاشک فیه ولا مریه بانه کذب و افتری وارتکب الخیانه والتلبیس لانه لیس فی استطاعته بل ولا فی استطاعة شیخه ان یرد واعلی ھذا الکتاب المملومن للالی والیواقیت ردا علمیا الی یوم القیمۃ ولله الحمد حمدا کثیرا والصلوۃ والسلام علی رسوله ارسله بشیرا ونذیرا وعلی اله واصحابه واتباعھم من الائمۃ المجتھدین ومن تبعھم باحسان الی یوم الدین

یارب ان عظمت ذنوبی کثرۃ　　فلقد علمت بان عفوک اعظم
ان کان لا یرجوک الا محسن　　فمن یلوذ ویستجیر المجرم

من المولف خان بادشاہ

میں کہتا ہوں کہ اس معصوم آدمی کے خرافات پر کلام بہت زیادہ ہے اور میں اس مقدار پر اکتفا کرتا ہوں اور اس میں شک و شبہ نہیں کہ اس نے جھوٹ اور افترا کیا اور خیانت اور تلبیس کا ارتکاب کیا کیونکہ اسکی طاقت نہیں اور نہ اسکے شیخ کی طاقت ہے کہ اس کتاب کی علمی تردید قیامت تک کریں جو موتیوں سے بھری ہوئی ہے۔

اور خاص کر اللہ تعالی کیلئے صفات الوھیت ہیں اور نزول رحمت اور سلام ہو اس پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم پر جس کو خوشخبری اور ڈرانے والا بھیجا ہے اور نزول رحمت ہو آپکی آل اور اصحاب اور اتباع آئمہ مجتھدین اور انکے اتباع پر قیامت تک

اے میرے رب میرے گناہ زیادہ ہیں اور تحقیق مجھے پتہ ہے کہ آپکا عفو کرنا بڑا ہے
اگر تجھ سے (مغفرت کی امید) نیکی کرنے والا کرتا ہے تو مجرم اور گنہگار کس سے پناہ مانگے گا۔

از مولف خان بادشاہ

بسم الله الرحمن الرحيم

الشهاب الثاقب
على مجهول
النسب الكاذب

من تأليفات

خادم التوحيد والسنه خان بادشاه بن شاندي قل بن مسعود
بن محمود غفر الله لهم الودود

نزيل دولة قطر ص ب ١٨٢١/1821 تلفون ٨١٤٣٥٤/814354

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحرف الاول

الفت کتابامشتملا بالیواقیت والدرر
اثبت فیه التراویح العشرین بالاخبار والاثر
رددت فیه علی الالبانی بالدلائل والبراهین
واثبت شذوذه و مخالفته عن ائمه الدین
وقد شذ و افتری و خالف عن سنن الابرار
وما وجدت له فی التوثیق والتضعیف القرار
وما اردت به توهینه بل کنت له ناصحا
لان الالبانی فی هذه المسئلة للجبل کان ناطحا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

میں نے یہ کتاب لکھی جو موتیوں اور جواہر پر مشتمل ہے
میں نے بیس تراویح اخبار اور آثار سے ثابت کئے ہیں
البانی کی تردید میں نے دلائل سے کی ہے
اور اسکا تفرد اور شذوذ ائمہ دین سے ثابت کیا ہے
اس نے شذوذ اختیار کیا ہے اور افترا کر کے نبی ﷺ کی احادیث سے مخالفت کی ہے
اور توثیق راوی اور تضعیف کرنے میں اس کا کوئی ثابت قدمی نہیں رہتی
میں اس کتاب سے اسکی توہین نہیں کرتا بلکہ اس کو نصیحت کرتا ہوں
کہ البانی اس مسئلہ میں پہاڑ کو ٹکر مارنے والا ہے

احمد الله واشکره بانه ماوفق احدا للجواب
وان یتصدی له احد فیقع علیه العتاب ثم العتاب
وقد ارتکب الحماقه فی سبع صفحات مجهول النسب
و افتری و حرف وتکلم بلا تهذیب ولا ادب
وما کتب علیها اسمه لئلا یتضح خذ لانه فی العوام
لکن اتضح خذ لانه تحریفه للخواص والعوام
وقد سرق من رسالة شیخه المجتهد الالبانی
ولذا ماتری فی صفحاته من المقاصد والمعانی
وقد نسی خذ لانه عند الرجال
وصار مبهوتا و اذله الله الفعال

میں اللہ تعالیٰ کا حمد اور شکر ادا کرتا ہوں کہ آپ نے جواب کرنے کا کسی کو توفیق نہ دی
اگر کوئی جواب کیلئے آگے ہوتا ہے تو اسی پر عتاب بر عتاب کرتا ہے
سات صفحات میں ایک مجہول النسب نے حماقت کا ارتکاب کیا
افترا اور تحریف کر کے بدون تہذیب اور آدب گفتگو کی
اور ان سات صفحات پر اپنا نام اس لئے نہ لکھا تاکہ عوام میں شرمندہ نہ ہو جائے
لیکن یہ عوام اور خواص کے ہاں شرمندہ ہو گیا
اور گر اس نے اپنے شیخ البانی کے رسالہ سے چوری کی
اسی وجہ سے اسکے صفحات میں کوئی مقصد اور معنی نہیں دیکھیں گے
اور آدمیوں کے نزدیک شرمندگی بھول گیا
اور یہ متیحر ہو کر اللہ تعالیٰ فعال نے ان کے سامنے ذلیل کیا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد لله وحده والصلوة والسلام على من لانبى بعده وعلى اله واصحابه الكرام امابعد

فيقول خادم التوحيد والسنه خان بادشاه بانى رايت سبع صفحات وسودها من لا اعرف اسمه و ما نبه عليها اسمه لاجل التدليس والتلبيس واراد مجهول النسب نصر الالبانى فى زعمه الفاسد لكن ما صنع شيا من نفسه بل نقل من رسالة الالبانى و حرف فى كلامى ثم الزم الخيانة على الامين صاحب القول المبين ولن يقدر مجهول النسب بل ولاشيخه ان يشبتو الخيانه فى مراجع الكتاب الى يوم القيمة وليس مقصوده من تسويد الاوراق الا ايقاع الوسواس فى صدور الناس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تمام الوهیت کے صفات صرف اللہ تعالیٰ کیلئے ہیں اور رنزول رحمت اور سلام اس پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم پر جس کے بعد دوسرا نبی نہیں آتا اور رنزول رحمت آپکے آل اور صحابہ کرام پر ہو بعد حمد اور صلوۃ کے کہنا ہے خادم التوحید والسنہ خان بادشاہ کہ میں نے سات صفحات دیکھیں جس کو ایسے شخص نے کالے کئے تھے جس کا نام مجھے معلوم نہیں اور تدلیس اور تلبیس کیوجہ سے اس پر نام نہیں لکھا تھا اور اپنے فاسد گمان کے مطابق البانی کی امداد کا ارادہ کیا تھا لیکن اپنی طرف سے کچھ نہیں کیا بلکہ البانی کے رسالہ سے نقل کیا اور میرے کلام میں تحریف کیا اور آمین صاحب القول المبین (راقم الحروف) پر خیانت کا الزام لگایا اور نہ اس مجہول النسب کی طاقت ہے اور نہ اسکے شیخ البانی کی کہ قیامت تک مراجع میں خیانت ثابت کریں اور ان اوراق سیاہ کرنے سے اس کا مطلب یہ تھا کہ لوگوں کے دلوں میں وسوسہ ڈالدیں۔

وهذا الرجل جاء یوما مع الرجلین الاخرین قبل طباعة القول المبین وسال عنی اثبات بعض الرواۃ الذین وثقهم الائمة النقاد و ضعفهم الالبانی ذوالعناد فوضحت له من کتب التراجم فصار مبهوتا کما سیجئی ان شاء الله تعالی مفصلا لکن وقد صدق رسول الله ﷺ اذالم تستحی فافعل ماشئت ومع هذا الخذ لان یکتب سبع صفاحات کانه یعد نفسه عالما مع انه لایعلم بکلام عربی فصیح ثم العجب علیه بانه خالف العهد بانه سیحضر یوم الجمعۃ حتی اتضع له شذوذ الالبانی لکنه وعدو خالفه وما جاء فی سنوات لعله نسی الحدیث وفیه علامۃ النفاق اذاوعد خلف الحدیث تدبر

اور یہ مجہول النسب القول المبین کی طباعت سے پہلے دیگر دو آدمیوں کے ساتھ میرے پاس آئے تھے اور مجھ سے اس بات کو ثابت کرنے کے بارے میں پوچھا کہ جن راویوں کو ائمہ ناقدین نے توثیق کیا ہو اور عنادوالہ البانی نے ضعیف کیا ہو تو میں نے اسماء الرجال کے کتابوں سے وضاحت کی تو یہ حیران رہ گئے جیسا کہ تفصیل ان شاء اللہ تعالیٰ آجائے گی لیکن رسول اللہ ﷺ نے سچ فرمایا ہے کہ جب تو بے حیا ہو جائے تو جو چاہتے ہو کر اس شرمندگی کے باوجود سات صفحات سیاہ کردیے ہیں گویا کہ اپنے آپکو یہ عالم سمجھتا ہے حالانکہ یہ عربی فصیح نہیں جانتا پھر اس پر تعجب ہے کہ اس نے خلاف وعدہ کیا کہ یہ بروز جمعہ میرے پاس آئے گا تاکہ میں البانی کا شذوذ اور تفرد ثابت کروں لیکن وعدہ کیا اور خلاف کیا اور کئی سال سے میرے پاس نہ آیا شاید اس حدیث کو بھول گیا ہے جس میں وعدہ کے خلاف کرنے والے علامت نفاق بتایا ہے فکر کر

ایھا المفتری اسمع مقالتی اذکرکم الخذلان والبھتان برسالتی
اما تستحی بالکذب والزور اولیس لک خوف من یوم النشور

قال مجھول النسب اولا ما یتعلق بامانته فی النقل واثبات انه غیر امین فی نقله بل مدلس ظاہر التدلیس و التلبیس قال و ھذا کالاجماع من غیر نکیر منکر و مع ھذہ التصریحات اجترا الشیخ الالبانی و قلد التدلیس و التلبیس المبارکنوری والضعانی۔ (الصفحہ۱)

اقول لنعه الله علی الکاذبین المحرفین انه حرف مثل الیھود و النصاری لانی ماذکرت فی القول المبین لفظ قلد التدلیس والتلبیس

اے مفتری میری بات کی طرف توجہ کر ○ میں اس رسالہ کے ساتھ آپکو آپکی شرمندگی اور بھتان یاد دلاتاہوں ○ کیا تجھے جھوٹ اور بھتان سے شرم نہیں آتی ○ یا قیامت کے دن سے تجھے خوف نہیں

مجھول النسب کہتاہے اول بات یہ ثابت کرنا ہے کہ یہ نقل میں امین نہیں بلکہ ظاہر تدلیس و تلبیس کرتا ہے کہتاہے اور یہ اجماع جیساہے (کہ تراویح بیس رکعات ہیں) کسی انکار کرنے والے نے انکار نہیں کیا ان تصریحات کے باوجود شیخ البانی نے جرات کی ہے اور تدلیس اور تلبیس میں مبارکپوری اور صنعانی کی تقلید کی ہے۔ الصفحۃ۱

میں کہتاہوں کہ جھوٹوں اور تحریف کرنے والوں پر اللہ تعالی کی لعنت ہو اس نے یھود اور نصاری جیسے تحریف کیاہے کیونکہ میں نے القول المبین میں قلد التدلیس والتلبیس ذکر نہیں کیا ہے۔

طالع ۳۱۳ یا مجهول النسب فقد ذقت جزاء الکذب ارجع البصر ثم ارجع البصر کرتین ینقلب الیک البصر خاسئا وهو حسیر۔ ایها المفتری کتبت هناک الاان هذه اقوال الائمۃ من الاحناف والشوافع والحنابلۃ والمالکیۃ تنادی باعلی نداء بان عدد التراویح العشرین ثابتۃ عن سنن الخلفاء الراشدین المهدیین رضی الله عنهم وقد صرحوا بان المشهور فی الصحابه والتابعین والائمۃ المجتهدین کان العمل بالعشرین وعلیه العمل شرقا وغربا وعلیه جری عملا سلف الصالحین فهذا کالاجماع من غیر تکبیر منکر ومع هذه التصریحات اجترالشیخ الالبانی وقلد محمد بن اسماعیل الصنعانی المتوفی ۱۱۸۲ھ صاحب سبل السلام وقلد عبدالرحمان المبارکپوری المتوفی ۱۳۵۳ھ صاحب تحفۃ الاحوذی۔ القول المبین ۳۱۳

مطالعہ کریں صفحہ ۳۱۳ یا مجہول النسب جھوٹ کا بدلہ آپکو ملا نگاہ اٹھا کر دیکھ پھر دوبارہ بار بار نگاہ اٹھا کر دیکھ تجھے نظر تھکی ہوئی ذلیل واپس ہو جائے گی۔

اے مفتری میں نے وہاں لکھا ہے کہ خبردار یہ احناف اور شوافع اور حنابلہ اور مالکیہ کے اقوال ہیں کہ تراویح بیس رکعات خلفاء راشدین جو ہدایت یافتہ ہیں کہ سنت سے ثابت ہیں اور انہوں نے تصریح کی ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور تابعین الائمہ مجتہدین رحمہم اللہ میں بیس رکعات پر عمل تھا اور اس پر مشرق اور مغرب میں سلف صالحین کا عمل بغیر کسی انکار کرنے والے کے جاری تھا اور یہ اجماع جیسا ہے اور ان تصریحات کے باوجود شیخ البانی نے جرات کر کے محمد بن اسماعیل صنعانی متوفی ۱۱۸۲ اور عبد الرحمن مبارکپوری متوفی ۱۳۵۳ کی تقلید کی القول المبین ۳۱۳

فیثبت من ھذا انک محرف لست بامین فی النقل ومن حفر بیر الاخیه فقد وقع فیه واحسن ماقیل۔

الجھل قبل الموت موت لاھله + واجسامھم قبل القبور قبور

علاان مجھول النسب ترک التنقید علی ثلاثمائۃ صفحۃ لماذا والحقیقه انه یعلم بعلم الیقین بان شیخه لمالم یستطع جواب ھذا الکتاب فمثل ھئولاء الجھلاء کیف یجیبون نعم مقصوده تشویش اذھان المسلمین ولذا ارتکب التدلیس والتلبیس

قال مجھول النسب کالاجماع فلایفید شیأ فانه ان کان اجماعا فلا یجوز مخالفته والامر لیس کک ومن اظھر الادلۃ ان احدامن الائمۃ العتبرین لم یدع اجماع الامه علی ذلک (الصفحه ۱)

تو اس سے یہ ثابت ہوا کہ تو محرف ہے اور نقل کرنے میں امین نہیں جو اپنے بھائی کیلئے کنواں کھودتا ہے وہ خود گرتا ہے کیا خوب کہا گیا ہے۔

جہالت مرنے سے پہلے گھروالوں کیلئے موت ہے اور ان کے ابدان قبروں سے پہلے قبریں ہیں

علاوہ مجہول النسب نے تین سو صفحات پر تنقید کیوں چھوڑ دیا اور حقیقت یہ ہے کہ اسکو یقینی معلوم ہے کہ اسکا شیخ اس کتاب کا جواب نہیں کرسکتا تو اس جیسے جاہل کیا جواب دیں گے البتہ اس کا مقصود مسلمانوں کے ذہنوں کو مشوش کرنا ہے اسی وجہ سے تدلیس اور تلبیس کیا۔

مجہول النسب کہتا ہے کہ یہ جو کہا ہے کہ یہ اجماع جیسا ہے یہ تو مفید نہیں کیونکہ اجماع کی مخالفت جائز نہیں اور بات اس طرح نہیں اس پر واضح دلیل یہ ہے کہ جو ائمہ معتبر ہیں انہوں نے امت کا اجماع کا دعوی (بیس رکعات پر) نہیں کیا۔ (صفحہ ۱)

اقول ا بالله و ایاته هل یعلم هذا الغوی بالکتاب او یعلم الفرق بین الاجماع اوکالاجماع اوهویعلم بان الاجماع الذی یدعیه له وجود خارجی اوهویدری بان مخالفه الصنعانی و المبارکفوری والالبانی یفید نقض الاجماع ایها الغوی قد ذکرت هناک بان الامام الشافعی یقول احب الی عشرون لانه روی عن عمر رضی الله عنه وکک یقومون بمکه ویوترون بثلاث کتاب الام ۱/ ۱۴۲ وقال الامام علاوالدین ان عمر جمع اصحاب رسول ﷺ فی شهر رمضان علی ابی بن کعب فصلی بهم کل لیله عشرین رکعة ولم ینکر علیه احد فیکون اجماعا بدائع الصنائع ۱/ ۲۸۸

وقال الامام القسطلانی هوالذی علیه الجمهور انه عشرون رکعة ارشاد الساری ۲/ ۴۲۸

وقال الامام الزیلعی بعدبیان الادله لصار اجماعا تبیین الحقائق ۱/ ۱۷۸

میں کہتاہوں کہ آپکو اللہ تعالی اور آپکی آیات کی قسم کہ یہ غوی سرکش کتاب جانتا ہے اور یا اجماع اور اجماع جیسا میں فرق سمجھتا ہے اور یا جس اجماع کا یہ دعوی کرتا ہے اسکاوجود خارجی ہے اور یا یہ جانتا ہے کہ صنعانی اور مبارکپوری کی مخالفت اجماع کیلئے توڑنے والی ہے اے سرکش میں نے وہاں ذکر کیا کہ امام شافعی فرماتے ہیں کہ مجھے بیس رکعات (تراویح) پسند ہیں کیونکہ یہ حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت کی گئی ہے اور اس طرح مکہ معظمہ میں بیس رکعات (تراویح) اور تین رکعات وتر پڑھا کرتے تھے کتاب الام ۱/ ۱۴۲

اور امام علاؤالدین فرماتے ہیں کہ حضرت عمر نے رسول اللہ کے صحابہ کرام کو ابی بن کعب پر جمع کیا وہ ہر رات بیس رکعات ان کو پڑھاتے تھے اور اس پر کسی نے انکار نہیں کیا تو یہ اجماع ہوا (بیس رکعات تراویح پر) بدائع الصنائع ۱/ ۲۸۸

اور امام قسطلانی فرماتے ہیں جس پر جمہور ہیں وہ بیس رکعات ہیں ارشاد الساری ۲/ ۴۲۷

امام زیلعی دلائل بیان کرنے کے بعد فرماتے ہیں کہ یہ اجماع ہوگیا (بیس رکعات پر) تبیین الحقائق ۱/ ۱۷۸

- وقال الامام ابن نجیم وعلیه عمل الناس شرقاوغربا بحرالرائق ۲ / ۷۲
- وقال الامام الخوارزمی ومارويناهوالمشهوربين الصحابه والتابعين الكفايه ۱ / ۴۰۷
- وقال الامام ابن عابدین وهوقول الجمهوروعمل الناس شرقاوغربا ردالمختار ۱ / ۵۲۰
- وقال الامام النوری وبه قال ابو حنیفه واصحابه وداود وغیره ونقله القاضی عیاض عن جمهور العلماء المجموع شرح المهذب ۴ / ۳۳-۳۴
- وقال الامام الشعرانی واستقرالعمل علی ذالک فی الامصار کشف الغمۃ ۱ / ۱۳۶
- وقال الامام ابن قدامۃ وذاکالاجماع واجمع الصحابه فی عصره المغنی ۱ / ۷۹۹
- وقال الامام الحصنی اجمع الصحابه معه علی ذلک کفایه الاخیار ۱ / ۱۷۲
- وقال الامام المرداوی هکذاقال اکثرالاصحاب الانصاف فی معرفه الراجح من الخلاف ۲ / ۱۸۰
- وقال شیخ الاسلام ابن تیمیه هوالذی یعمل به اکثر المسلمین مجموع الفتاوی ۲۲ / ۲۷ طالع ۲۳ / ۱۲۰
- وقال الامام سلیمان عشرون رکعه فی قول اکثرالعلماء هاش المقتع ۱ / ۱۸۲

- امام ابن نجیم فرماتے ہیں کہ بیس رکعات تراویح پر مشرق اور مغرب میں عمل ہے۔ بحرلرائق ۲ / ۷۲
- امام خوارزمی فرماتے ہیں کہ جو ہم نے بیس رکعات روایت کی ہے یہ صحابہ اور تابعین میں مشہور تھیں الکفایہ ۱ / ۴۰۷
- امام ابن عابدین فرماتے ہیں کہ یہ جمہور کا قول ہے اور مشرق اور مغرب میں اس پر عمل ہے ردالمختار ۱ / ۵۲۰
- امام نوری فرماتے ہیں اس پر امام ابوحنیفہ اور آپکے تابعدار اور داوود وغیرہ نے قول کیا ہے اور قاضی عیاض جمہور علماء سے بیس رکعات تراویح نقل کئے ہیں المجموع شرح المهذب ۴ / ۳۳-۳۴
- امام شعرانی فرماتے ہیں بیس تراویح پر عمل کرنا تمام شہروں میں کشف الغمۃ ۱ / ۱۳۶
- امام ابن قدامہ فرماتے ہیں یہ اجماع جیسا ہے اور صحابہ کرام نے اپنے زمانے میں اسی پر اجماع کیا ہے المغنی ۱ / ۷۹۹
- امام حصنی فرماتے ہیں صحابہ کرام کا اس عمر کے ساتھ اجماع ہے کفایہ الاخیار ۱ / ۱۷۲
- مرداوی فرماتے ہیں اکثر اصحاب نے اس پر قول کیا ہے انصاف ۲ / ۱۸۰
- شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ فرماتے ہیں یہ بیس رکعات وہ ہیں جس پر اکثر مسلمانوں کا عمل ہے مجموع الفتاوی ۲۲ / ۲۷۲، مطالعہ کریں ۲۳ / ۱۲۰
- امام سلیمانی فرماتے ہیں اکثر علماء کے نزدیک بیس رکعات ہیں ہامش المقتع ۱ / ۱۸۲

○ وقال شيخ الاسلام ابن عبدالبر المالكی استحب جماعةٌ من العلماء السلف الصالحين بالمدينه عشرين ركعةً الكافی فی فقه اہل المدينة ١/ ٢٥٦

○ قال الامام الدردير جرى عليه العمل سلفا وخلفا الشرح الكبير ١/ ٣٠٥

○ قال الامام علی القاری اجمع الصحابه علی ان التراويح عشرون ركعة المرقاة ٢/ ٧٥

○ قال العلامه الجزری وقد بين فعل عمر رضی الله عنه ان عددها عشرون ركعة انه جمع الناس اخيرا علی هذا العدد فی المسجد ووافقه الصحابةُ علی ذلک ولم يوجد مخالف ممن بعدهم كتاب الفقه علی المذاهب الاربعة ١/ ٢٣١

هكذا ذكرت كيثرا من اقوال الائمة الاعلام فی القول المبين طالع هناک حتی تعلم بكذب مجهول النسب فهولا سلفنا و خلفنا كلهم قائلون بالتراويح العشرين فهل يمكن للرجل الغوی ان يذكر قولا واحد البدعيةُ التراويح العشرين من السلف الصالحين واما قول الضغانی

○ شیخ الاسلام ابن عبد البر فرماتے ہیں سلف صالحین سے علماء کی جماعت نے مدینہ منورہ میں بیس رکعات تراویح مستحب سمجھے ہیں الکافی ١/ ٢٥٦

○ امام ابن دردیر فرماتے ہیں سلف اور خلف کا اس بیس رکعات پر عمل ہے الشرح الکبیر ١/ ٣.٥

○ امام علی قاری فرماتے ہیں کہ صحابہ کرام کا اس پر اجماع ہے کہ تراویح بیس رکعات ہیں المرقاۃ ٢/ ٧٥

○ علامہ جزری عمر رضی اللہ عنہ کے فعل بیان کرنے کے بعد فرماتے ہیں کہ تراویح کی تعداد بیس رکعات ہیں اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ آخیر میں اس عدد پر مسجد میں لوگوں کو جمع کیا تھا اور صحابہ رضی اللہ عنہم نے آپ سے اس پر اتفاق کیا اور ان کے بعد کسی نے مخالفت نہیں کیا کتاب الفقہ ١/ ٢٤١

اسی طرح بہت سے علماء کرام کے اقوال میں نے وہاں قول مبین میں ذکر کئے ہیں وہاں مطالعہ کریں تاکہ آپکو مجہول النسب کا جھوٹ معلوم ہو جائے یہ ہمارے سلف اور خلف تمام بیس رکعات تراویح کے قائل ہیں تو کیا اس سرکش کی طاقت ہے کہ سلف صالحین سے ایک کا قول بیس رکعات کی بدعیت کیلئے ذکر کریں اور صنعائی (بارھویں صدی)

والمباكغوری والالبانی مع تصریحات الائمۃ الاعلام لا یسمن ولا یغنی من جوع فھل یمکن لھذا الغبی ان یرد اجماع ھئولاء الاعلام باقوال ھذہ الشرذمۃ القلیلۃ ھل یقال لھذا علم اوجھل مرکب بانہ ینظر ھذہ التصریحات ثم ینکر ویظھر للناس بان مولف القول المبین ماذکر قولا واحدا عن السلف الصالحین للاجماع والمطابق ماقیل فی الفارسیہ۔

(انکس کہ نداند وندانذ کہ نداند + درجھل مرکب ابدالدھر بماند

من لم یعلم بعدم علمہ بانہ یعلم فھو یکون فی جھل مرکب دائما فھل یقدر شیخہ الالبانی ان یاتی بقول واحد من الصحابہ رضی اللہ عنھم لبدعیۃ التراویح العشرین بل لن یقدر ان یاتی بقول واحد من المجتھدین

اور مبارکپوری (چودھویں صدی) کے اقوال ان ائمہ کرام کے مقابلہ میں بلا فائدہ ہیں تو کیا یہ غبی بڑے بڑے ائمہ کرام کے اقوال اور اجماع کو معمولی جماعت (غیر مقلدین) سے رد کر سکتا ہے یہ علم ہے یا جہل مرکب کہ یہ تمام تصریحات دیکھ کر کے پھر بھی انکار کرتا ہے اور لوگوں کو ظاہر کرتا ہے کہ قول مبین کے مصنف نے اجماع کے لئے سلف صالحین سے ایک قول بھی نقل نہیں کیا ہے جو فارسی شعر میں کہا گیا ہے وہ اس کے ساتھ مطابق ہے۔

کہ جو شخص خود نہیں جانتا اور اپنے نہ جاننے کو بھی نہیں جانتا تو وہ ہمیشہ جہل مرکب میں رہے گا

کیا شیخ البانی کی یہ طاقت ہے کہ بیس رکعات تراویح کی بدعت ہونے کیلئے صحابہ رضی اللہ عنہم سے ایک قول پیش کریں بلکہ نہ ائمہ مجتہدین

ولامن المحدثين ولا من فقها ائمة الدين هاتوا برهانكم ان كنتم صادقين قال مجهول النسب من غير نكير منكر فقد انكره مالک وابن العربی و المبارکفوری والصنعٔانی کما نقله شیخنا الالبانی و کتم بعضه المذکور و تجاهل قول مالک وابن العربی لانه من ائمه السلف و اوهم ان القول بالبدعیة قول محدث ولیس کک (الصفحه ا)

اقول وبالله استعین واعوذ به من شر الحاسدین قوله باطل ومردود بوجوه اما اولا فانی قد ذکرت اقوال الائمة الاعلام من الصحابه والمجتهدین والمحدثین وفقها ائمة الدین ومع هذه التصریحات ینکر هذا الغوی ویفتری علی الامام مالک بانه قائل بدعیه التراویح العشرین وهو من السلف الصالحین سبحنک هذا بهتان عظیم و ان شیخه الالبانی ما اثبت قول الامام مالک

اور نہ محد ثین اور نہ فقہاء وائمہ دین سے ایک قول بیس رکعات تراویح کی بدعت ہونے کیلئے پیش کر سکتے ہیں لاؤ دلیل اگر تم سچے ہو۔

مجہول النسب کہتا ہے کہ امام مالک اور ابن العربی اور مبارکپوری اور صنعانی نے بیس تراویح سے انکار کیا ہے جیسا کہ ہمارے شیخ البانی نے نقل کیا ہے اور اس نے بعضوں کو چھپایا اور قول مالک اور ابن العربی سے تجاہل کیا ہے اور (امام مالک) سلف سے ہیں اور لوگوں کے ذہنوں میں یہ وھم ڈالا کہ بیس رکعات کی بدعیت پر قول کرنا نیا ہے اور اس طرح نہیں۔ (الصفحہ ا)

میں کہتا ہوں کہ اللہ تعالی ہی سے امداد مانگتا ہوں اور اسی کے ساتھ حسد کرنے والوں کے حسد سے پناہ مانگتا ہوں مجہول النسب کا قول چند وجوہ سے باطل اور مردود ہے اول اس لئے کہ میں نے بڑے بڑے علماء صحابہ رضی اللہ عنھم اور ائمہ مجتہدین اور محد ثین اور فقہا و ائمہ دین کے اقوال ذکر کئے ہیں اور ان تصریحات کے باوجود یہ سرکش انکار کر کے امام مالک پر افتراء باندھتے ہیں کہ وہ سلف صالحین سے تھے وہ بیس رکعات تراویح کی بدعت ہونے پر قائل تھے اے رب پاک ہے تیرے لئے یہ بڑا بھتان ہے اسکے شیخ البانی نے امام مالک کا قول ثابت نہیں

فکیف یفتری علیه لان الالبانی ذکر قول رجل مجهول بانه انتسب الجویری الی الامام مالک حیث قال قال السیوطی فی المصابیح فی صلوۃ التراویح ۲/ ۷۷ من الفتاوی وقال الجویری من اصحابنا من مالک انه قال الذی جمع علیه عمربن الخطاب احب الی وھو احدی عشرۃ رکعه رسالہ صلوۃ التراویح ۷۵ للالبانی ثم یقول الالبانی فی الحاشیه ولا ادری ای ھئولاء الثلاثه اراد السیوطی حاشیۃ علی صفحه ۷۵ ' ان الالبانی بیّن اسماء اثلاثه ثم وضح الالبانی بانه لایدری من المراد بالجویری فی کلام سابق للسیوطی فی ظنه الفاسد فایھا الغوی ھل اثبت شیخک الالبانی قول الجویری المجھول عن الامام مالک وشیخک الالبانی لا یعلم الجویری فکیف یثبت من الرجل المجھول قول الامام مالک یا رئیس الجھول

تو مجھول النسب اس پر کس طرح افتراء کرتا ہے کیونکہ البانی نے نامعلوم جویری کا قول ذکر کیا کہ اس نے امام مالک کو نسبت کیا ہے اس طرح کہا ہے کہ سیوطی نے المصابیح فی صلوۃ التراویح ۲/ ۷۷ میں کہا ہے کہ جویری (ہمارے شوافع سے) امام مالک سے نقل کرتے ہیں کہ اس نے فرمایا ہے کہ جس پر عمر رضی اللہ عنہ (صحابہ رضی اللہ عنھم) کو جمع کیا ہے وہ مجھے بہتر ہے وہ گیارہ رکعات ہیں صلوۃ التراویح رسالہ البانی ۷۵ پھر البانی حاشیہ میں لکھتا ہے کہ مجھے یہ پتہ نہیں کہ سیوطی نے تین آدمی جویری کے نام سے ہیں کونسا جویری مراد لیا ہے حاشیہ بر صفحہ ۷۵ تو البانی نے جویری کے نام سے تین آدمی بتائے ہیں اور پھر اپنے گمان فاسد سیوطی کے قول میں جو جویری بتاتے ہیں وہ اسکو معلوم نہیں تو اسے مجھول النسب سرکش کیا البانی نے جویری مجھول کا قول امام مالک سے ثابت کیا ہے تیرے شیخ البانی کو جویری کا پتہ نہیں کہ یہ کون ہیں تو اسے جھلاء کے رئیس مجھول (نامعلوم) شخص کے قول سے امام مالک کا قول کیسے ثابت ہوتا ہے۔

فهل انا کتمت قول الامام مالک اولیس لهذا القول ثبوت من الامام مالک کما اقر به الالبانی بل اقول ان الالبانی ارتکب التدلیس والتلبیس حیث قال قال السیوطی فی المصابیح لان هذا القول ذکره السیوطی فی المصابیح وهو قول السبکی طالع الفتاوی ا / ۱۵۰ لعل الالبانی ما ذکر اسم الکتاب الحاوی بل قال من الفتاوی لاجل هذ التدلیس تدبر اما ثانیا فان السبکی وان ذکر قول الجویری المجهول المذکور کک ذکر قوله الاخر له حیث قال قال الجویری ان عدد الرکعات فی شهر رمضان لاحد له عند الشافعی لانه نافلة و لما لم یکن حد معلوم للتراویح عند الامام شافعی فی شهر رمضان لانه نافله فرد قوله بقوله کما یرد قول الالبانی بقوله لان الالبانی قائل باحدی عشرة رکعة ویعد الزیادة علیها بدعة فاین قوله من قوله

توکیا میں نے امام مالک کا قول چھپایا تھا یا اس قول کا ثبوت امام مالک سے نہیں ہے جیسا کہ البانی نے اس پر اقرار کیا ہے بلکہ میں کہتا ہوں کہ البانی نے تو تدلیس اور تلبیس کیا ہے کیونکہ یہ قول جویری کا سبکی کا قول ہے اور سیوطی نے فتاوی حاوی ا / ۱۵۰ میں ذکر کیا ہے یہ سیوطی کا قول نہیں جیسا کہ البانی نے کہا ہے شاید البانی نے اسی وجہ سے الحاوی کا نام نہیں ذکر کیا (تاکہ کوئی وہاں نہ دیکھ لیں) بلکہ کہا ہے کہ فتاوی میں سیوطی نے کہا ہے

دوم۔ اگر امام سبکی نے جویری مجھول کا یہ قول ذکر کیا ہے تو اس نے اسکا دوسرا قول بھی ذکر کیا ہے کہتا ہے کہ جویری کہتا ہے کہ ماہ رمضان میں امام شافعی کے نزدیک رکعات کی تعداد کا حد (اندازہ) نہیں کیونکہ یہ نفل ہیں تو جب ماہ رمضان میں امام شافعی کے نزدیک رکعات تراویح کا حد نہیں کیونکہ یہ نوافل ہیں تو جویری کا سابقہ قول اس قول سے مردود ہو گیا جیسا کہ البانی کا قول اس قول سے مردود ہو گیا کیونکہ البانی گیارہ رکعات سے زیادہ کو بدعت کہتا ہے تو کہاں جویری کا قول اور کہاں البانی کا قول

واما ثالثا فان السبکی یقول بعد کلام مذکور ومال ابن عبدالبر الی روایه ثلاث وعشرین بالوتروان روایه مالک فی احدی عشرة وهم

فکیف لایعمل الالبانی بقول الامام ابن عبدالبر المالکی ویعمل یقول الجویری المجهول لان قوله موافق لهواه واما قول الامام ابن عبدالبر المعلوم مخالف عن هواه

واما رابعا فان السبکی یقول الا ان هذا امر یسهل الخلاف فیه فان ذلک من النوافل من شاء اقل ومن شاء اکثر ولعلهم فی وقت اختارو تطویل القیام علی عدد الرکعات فجعلوها احدی عشرة وفی وقت اختاروا عدد الرکعات فجعلوها عشرین وقد استقر العمل علی هذا انتهی کلام السبکی الحاوی فی الفتاوی ۱ / ۳۵۰ فالالبانی یعد الزیادة علی احدی عشرة

سوم امام سبکی مندرجہ بالا کلام کے بعد فرماتے ہیں کہ امام ابن عبد البر ۲۳ رکعات کی طرف مائل ہیں (بیس رکعات تراویح اور تین وتر) اور امام مالک کا گیارہ رکعات والی روایت وھم ہے

تو البانی امام ابن عبد البر المالکی کے قول پر عمل کیوں نہیں کرتا کہ جویری مجھول کے قول پر عمل کرتا ہے کیونکہ یہ اسکی خواہش کے مطابق ہے اور امام ابن عبد البر معلوم کا قول اسکی خواہش سے مخالف ہے

چہارم امام سبکی کہتا ہے کہ خبردار اس معالہ میں خلاف اسانی ہے کیونکہ یہ نوافل سے ہیں جو چاہیں زیادہ پڑھیں جو چاہیں کم پڑھیں شاید انہوں نے گیارہ رکعات طول قیام کی وجہ سے پسند کئے ہو اور بعض اوقات میں رکعات کی کثرت کو پسند کر کے بیس رکعات تراویح کئے ہو اور اس بیس رکعات تراویح پر عمل ہمیشہ کیلئے ہو گیا ہے کلام سبکی ختم ہوا الحاوی فی الفتاوی ۱ / ۳۵۰ اور البانی گیارہ رکعات سے زیادہ کو

بدعه ضلالة والسبکی یقول استقر العمل علی عشرین فیرد قوله قول غیر المقلدین ولذا ترک الالبانی قوله لانه مخالف عن هواه

اما خامسا فان الحدیث المنقطع لیس بحجة عند الالبانی فقول الجویری المجهول حجه وبرهان لاثبات بدعیة التراویح العشرین هذا عدل غیر المقلدین یسمون انفسهم بالسلفیین

اما سادسا ان الجویری المجهول من الشافعیة اعلم بمذهب الامام مالک اوشیخ الاسلام ابن عبدالبر المالکی المتوفی ۴۶۳ھ والامام سلیمان الباجی المالکی المتوفی ۴۷۴ھ وغیرهما من مقلدی الامام مالک بینوا بالدلیل ایها العلیل ' فثبت مما ذکرنا ان انتساب هذا القول الرجل المجهول الی الامام مالک خطاء فالامام مالک وان کان من السلف لکن لیس هو

گمراہی کہتے ہیں اور امام سبکی بیس رکعات تراویح پر عمل کرنا ہمیشہ کیلئے سمجھتے ہیں تو اسکا قول غیر مقلدین کے قول کی تردید کرتا ہے اسی وجہ سے البانی نے اس کا قول چھوڑ دیا کہ وہ اسکی خواہش سے مخالف ہے۔

پنجم البانی کے نزدیک حدیث منقطع حجت نہیں اور جویری مجہول کا قول بیس رکعات کی بدعت ہونے کے لئے حجت ہے یہ غیر مقلدین کا عدل اور انصاف ہے یہ اپنے آپکو سلفی کہتے ہیں

ششم جویری مجہول شوافع سے حضرت امام مالک کا مذھب اچھی طرح جانتے ہیں یا شیخ الاسلام ابن عبدالبر المالکی المتوفی ۴۶۳ھ اور حضرت امام سلیمان باجی مالکی متوفی ۴۷۴ھ وغیرہ جو امام مالک کے مقلدین ہیں اے بیمار دلیل سے بیان کر تو مندرجہ بالا تفصیل سے ثابت ہوا کہ جویری مجہول کا قول امام مالک کی طرف منسوب کرنا خطاہے تو امام مالک اگرچہ سلف (صالحین) سے ہیں

بقائل ببدعیه التراویح العشرین وهذا من افتراء غیر المقلدین علی ائمة الدین فثبت مما ذکرنا ان الزام الکتمان للغوی علیّ باطل مردود علی المجهول اما قول ابن العربی من القرن السادس فلا یفید الالبانی لانه یقول واما صلوة النبی ﷺ فلم یکن لها حد واما اللتی بعد ذلک فروی مالک ان ابی بن کعب کانه یقوم باحدی عشرة رکعةً وخالفه الناس فقالوا احدی وعشرین رکعةً وروی مالک ایضا انهم کانوا یقومون فی زمن عمر بثلاث وعشرین رکعةً وروی ابن القاسم عن مالک سبع وثلاثین وقال هو الامر القدیم والصحیح ان یصلی احدی عشرة رکعةً صلوة النبی ﷺ وقیامه واما غیر ذلک من الاعداد فلا اصل له ولا حدفیه فاذالم یکن بدمن الحدفما کان النبی ﷺ مازادالنبی ﷺ فی رمضان ولافی غیره علی احدی عشرة رکعةً وهذه

لیکن یہ بیس رکعات بدعیت پر قائل نہیں یہ ائمہ دین پر غیر مقلدین کا افتراء ہے تو مندرجہ بالا تفصیل سے ثابت ہوا کہ مجھ پر غوی کا چھپانے کا الزام جاہلوں پر مردود اور باطل ہے اور جو قول ابن العربی چھٹے صدی سے یہ البانی کے لئے مفید نہیں کیونکہ وہ کہتا ہے کہ نبی ﷺ کی نماز کا اندازہ (حد) نہیں اور جو آپ کے بعد کا ہے تو امام مالک نے روایت کیا ہے کہ ابی بن کعب گیارہ رکعات سے قیام فرماتے تھے اور لوگوں نے اس سے خلاف کیا ہے فرمایا ہے کہ اکیس رکعات سے قیام فرماتے تھے اور امام مالک نے یہ روایت کیا ہے کہ عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے زمانے میں ۲۳ سے قیامکرتے تھے اور ابن قاسم امام مالک سے ۳۷ کی روایت بھی کیا ہے فرمایا ہے کہ یہ پرانا عمل ہے اور صحیح یہ ہے کہ گیارہ رکعات سے قیام کریں جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا قیام اور نماز تھی اور اسکے سوا کا کوئی اصل نہیں اور نہ اس میں کوئی حد اور اندازہ ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم رمضان اور بغیر رمضان گیارہ رکعات سے زیادہ قیام نہیں فرماتے اور یہ

الصلوة هی قیام اللیل فوجب ان یقتدی فیها بالنبی ﷺ عارضة الاحوذی ۴ / ۱۹ فاول کلامه واخره یدل علی انه بعدد قیام اللیل ولیس النزاع بیننا وبینکم فیه لان النزاع فی التراویح وهو یقول ما زاد النبی ﷺ فی رمضان ولا فی غیر علی احدی عشرة رکعة ولیست التراویح فی غیر شهر رمضان فمن این یثبت مطلوب العمیان علا انا نثبت التراویح العشرین من سنن الخلفاء الراشدین المهدیین وقال النبی ﷺ علیکم بسنتی و سنه الخلفاء الراشدین کما وضحت فی القول المبین فما هو مطلوبنا فلا یرده کلام ابن العربی وما هو یرده فلیس بمطلوبنا تدبر ولو سلم بان ابن العربی من القرن السادس قائل بما تقوله شرزمۃ قلیلۃ فلا یسمن ولا یغنی من جوع لان قول ابن العربی بمقابلة الامام ابی حنیفه المتوفی ۱۵۰ھ والامام مالک المتوفی ۱۷۹ھ والامام الشافعی

نماز قیام اللیل (تہجد) ہے تو واجب ہے کہ تہجد میں آپکی پیروی کی جائے عارضۃ الاحوذی ۴ / ۱۹ تو ابن العربی کا اول اور آخیر کلام دونوں اس پر دلالت کرتا ہے کہ یہ نماز تہجد کے بارے بیان کرتا ہے اور ہمارے اور آپکے درمیان اس میں جھگڑا نہیں کیونکہ جھگڑا تو تراویح میں ہے اور ابن العربی فرماتا ہے کہ آنحضرت ﷺ رمضان اور بغیر رمضان گیارہ رکعات سے زیادہ نہیں پڑھتے اور تراویح تو بغیر رمصان کے نہیں ہوتے تو اندھوں کا مطلب کہاں سے ثابت ہوا علاوہ ہم بیس تراویح خلفاء راشدین جو ہدایت یافتہ ہیں سے ثابت کرتے ہیں اور نبی ﷺ نے فرمایا ہے کہ تم پر لازم ہے میری سنت اور خلفاء راشدین کی سنت کی اتباع جیسا کہ میں نے القول المبین میں واضح کیا ہے تو جو ہمارا مطلب ہے اسکا ابن العربی رد نہیں کرتا اور جسکا رد کرتا ہے وہ ہمارا مطلوب نہیں اگر بالفرض ہم مان لیں کہ ابن العربی چھٹے صدی کا اس پر قائل ہیں جس پر یہ تھوڑے لوگ قائل ہیں تو یہ بھی ان کو مفید نہیں کیونکہ ابن العربی کا قول امام ابو حنیفہ متوفی ۱۵۰ھ اور امام مالک متوفی ۱۷۹ اور امام شافعی

المتوفي ۲۰۴ھ والامام احمدبن حنبل المتوفی ۲۴۱ھ بمنزله العدم فی نفسه کمالا یخفی علی من له ادنی مسکة من العلوم الدینیة.

علا ان الالبانی یتبع القرن السادس ولایتبع خیر القرون ومع هذا یسمی نفسه بالسلفی واما الصنغانی من القرن الثانی عشر والمبارکفوری من القرن الرابع عشر فلا اعتبار لهما بمقابله الائمه المجتهدین والمحدثین وفقهاء ائمة الدین ولن یقدر الالبانی ان یذکر قولا واحدا من الصحابة والائمة المجتہدین والمحدثین وفقهاء الدین لاثبات بدعیة التراویح العشرین الی یوم القیمة فثبت ماقلنا من الاجماع علی ان التراویح العشرین ثابته من جمیع ائمة الدین فبطل قول الحاسدین الذین یلزمون علی الراکعین الساجدین

متوفی ۲۰۴ اور امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ کے مقابلہ میں نیست اور نابود جیسا ہے کہ ابن العربی کا قول کا سرے سے وجود نہیں بلکہ ان حضرات کے مقابلہ میں معدوم ہی ہے۔ جیساکہ پوشیدہ نہیں ان لوگوں پر جن کا علوم دینیہ سے تعلق ہو۔

علاہ البانی چھٹے صدی کا اتباع کرتا ہے اور خیر القرون کا اتباع نہیں کرتا اور اسکے باوجود اپنے آپکو سلفی کہتا ہے اور صنغانی بارھویں صدی والا اور مبارکیوری چودھویں صدی والا کے اقوال ائمہ مجتہدین اور محدثین اور فقہاء ائمہ دین کے مقابلہ میں کوئی اعتبار نہیں اور البانی کی کوئی طاقت نہیں کہ صحابہ رضی اللہ عنہم اور ائمہ مجتہدین رحمہم اللہ اور محدثین اور فقہا دین رحمہم اللہ سے بیس رکعات بدعیت کے لئے قیامت تک ایک قول پیش کرے تو حسد کرنے والوں کا الزام ان لوگوں پر باطل ہے جو ماہ رمضان میں بیس رکعات میں رکوع اور سجدہ کرتے ہیں جبکہ الزام لگانے والوں کے پہلو لیٹنے سے تھک جاتے ہیں

فی شہر رمضان بالتراویح العشرین اذا استثقلت المضاجع باالطاعنین کبرت کلمۃ تخرج من افواھھم ان یقولون الاکذبا

قال مجھول النسب قولہ ۳۱۳ فالالبانی یفتی بضلالۃ الخلفاء الراشدین المھدیین و الائمۃ المجتہدین قلت ھذا ظاہر البطلان فانہ لم یحکم علی معین ببدعۃ وضلالۃ بل حکم علی الفعل علا انہ لم یثبت عندہ قول الخلفاء الراشدین فکیف تلزمہ بقولہ مالم یلتزمہ (الصفحہ ۲)

اقول قولہ باطل مردود لا ناقد اثبتنا بالادلۃ بان عدد التراویح العشرین ثابتۃ من الخلفاء الراشدین المھدیین وکک عمل بھا الائمۃ المجتھدون و اتباعھم من المحدثین و فقھاء ائمۃ الدین ولما کان الالبانی قائلا ببدعیۃ التراویح العشرین فیلزم منہ انتساب الضلالۃ الی الخلفاء الراشدین والصحابۃ

اور یہ بری بات ہے جو یہ لوگ منہ سے نکالتے ہیں یہ جھوٹ بولتے ہیں

مجھول النسب کہتا ہے یہ قول ۳۱۳ کہ البانی نے خلفاء راشدین جو ہدایت یافتہ ہیں اور آئمہ مجتہدین پر گمراہی کا فتویٰ لگایا ہے میں کہتا ہوں کہ یہ ظاہر طور پر باطل ہے کیونکہ البانی نے خاص پر فتوی بدعت اور گمراہی کا نہیں لگایا ہے بلکہ فعل (عمل کرنے) پر فتوی (گمراہی کا) لگایا ہے علاوہ البانی کے نزدیک خلفاء راشدین کا قول ثابت نہیں اس میں اس پر کس طرح الزام لگاتے ہو جو وہ تسلیم نہیں کرتا۔(الصفحہ ۲)

میں (خان بادشاہ) کہتا ہوں کہ اس کا قول باطل اور مردود ہے کیونکہ ہم نے دلائل سے یہ ثابت کیا کہ بیس رکعات تراویح خلفاء راشدین جو ہدایت یافتہ ہیں سے ثابت ہیں اور اسی طرح اس پر آئمہ مجتہدین اور ان کے اتباع محدثین اور فقہا ائمہ دین نے عمل کیا ہے تو جب البانی بیس رکعات کو بدعت کہتے ہیں تو اس سے لازم آتا ہے کہ یہ گمراہی کی نسبت خلفاء راشدین اور تمام صحابہ رضی اللہ عنہم

اجمعین بل الی جمیع ائمة الدین لان قیام المبدأ بالشئی علة لحمل المشتقی علیه فهل هذا الزام او التزام اولیس للالبانی فی التحقیق زمام

واما قول مجهول النسب فانه لم یحکم بمعین فهو مرمی مع الحلوا فی فیه لانه لایعلم بالفرق بین المعلوم والمجهول الیس عدد التراویح فعلا معلوما تدبر لایرد ههنا الایراد

اما قول مجهول النسب بانه لم یثبت عنده فهو مردود علیه لان الالبانی مع هذه الدلائل الواضحة ینکر عن الاثبات فکانه ینکر عن وجود البدهیات وان الالبانی ان ینکر عن السماء والجبال والاشجار والنبتات فهل یقول مجهول النسب بعدم وجودها هذه حماقه بینة لان الکتب الدینیه مشحونة بصحة اسانید هذه الروایات اللتی فیها اثبات التراویح العشرین

بلکہ تمام ائمہ دین کو کرتا ہے کیونکہ کسی چیز کے ساتھ مبداء کا قیام مشتقی کے قیام کے لئے علت ہے تو یہ الزام ہے یا التزام (تسلیم کرنا) یا البانی کی تحقیق کا لگام نہیں

اور مجہول النسب کا یہ قول کہ البانی نے معین پر حکم نہیں لگایا ہے تو یہ قول حلوی کے ساتھ منہ پر مارا گیا ہے اور کیا تراویح فعل معلوم نہیں فکر کریہاں ہم پراعتراض وارد نہیں ہوتا۔

اور مجہول النسب کا یہ قول کہ بیس تراویح البانی کے نزدیک ثابت نہیں یہ اس پر مردود ہے کیونکہ البانی ان واضح دلائل کے ساتھ بیس تراویح کی اثبات سے انکار کرتا ہے یہ تو بدھیات کے وجود سے انکار کرنا ہے اگر البانی آسمان اور پہاڑوں اور درختوں اور گھاس کے وجود سے انکار کریں تو کیا مجہول النسب کہے گا کہ یہ چیزیں موجود نہیں یہ واضح حماقت ہے کیونکہ دینی کتابیں ان روایات کی اسانید کی صحت سے بھری ہوئی ہے جن میں بیس تراویح

من الخلفاء الراشدين المهديين وائمه الدين ومع هذا يقول مجهول النسب بعدم ثبوتها عند شيخه الالبانی

ایضاً الغوی هل لقول الجویری المجهول وابن العربی ثبوت وان كان قولهما ثابتا فهل هما افضل من الخلفاء الراشدين والصحابةؓ والائمۃؒ المجتہدین وائمة الدين وهل يجوز تقليد هما للالبانی بدون حجةٍ وبرهان وهل يجوز للالبانی تقليد الصنغانی والمباركفوری لكن لا يجوز تقليد ائمۃ المتهدين فقط هذا بعيد عن الانصاف

قال مجهول النسب ان لازم المذهب ليس بمذهب (الصفحه ۲)

اقول فعليه ان يبين مقصود هذه العبارة الفصيحه الفضيحهٗ لانه ضرب النغمه فی الطنبور

قال مجهول النسب هذه صفحه واحدة فكيف بهذ الكتاب السمين الغليظ

خلفاء راشدین جو ہدایت یافتہ ہیں اور آئمہ دین سے ثابت ہے اور اس کے بعد مجہول النسب کہتا ہے کہ البانی کے نزدیک ثابت نہیں

اے غوی ۔ جویری مجہول اور ابن عربی کے اقوال کا ثبوت ہے اگر بالفرض ان دونوں کے اقوال ثابت بھی ہو جائیں تو کیا یہ دونوں خلفاء راشدین اور صحابہ رضی اللہ عنہم اور ائمہ مجتہدین اور ائمہ دین رحمھم اللہ سے بہتر ہیں اور ان دونں کی تقلید البانی کو بلا حجت اور دلیل جائز ہے اور صنعانی اور مبارکپوری کی تقلید البانی کے لئے جائز ہے لیکن صرف ائمہ مجتہدین کی تقلید جائز نہیں یہ تو انصاف سے بہت دور ہے

مجہول النسب کہتا ہے کہ مذھب کا لازم مذھب نہیں (صفحہ ۲)

میں کہتا ہوں اس پر لازم ہے کہ اس فصیح عبارت جو اسکو شرمندہ کر رہی ہے کا مطلب بیان کریں کیونکہ اس نے ستار میں سریلی آواز ماری

مجہول النسب کہتا ہے یہ ایک صفحہ ہے تو کیا حال ہے اس بڑے موٹے کتاب

